یا اللہ جل جلالہ

یا رسول اللہ ﷺ

رسول اللہ سیدی





# دعائے نورِ مصطفائی صلی اللہ علیہ وسلم

# نادِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

# غوثیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

خادم: حاجی عبدالعزیز انصاری

دارالتبلیغ آستانہ عالیہ نقشبندیہ مجدّدیہ
حضرت کیلیانوالہ شریف گوجرانوالہ

CamScanner

یا اللہ جل جلالہ　　　یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

# دُعائے نورِ مُصطفائی ص نادِ علی رض غوثیہ رض

ناشر: دارالتبلیغ آستانہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ
حضرت کیلیانوالہ شریف گوجرانوالہ

CamScanner

نام کتاب ______ دُعائے نورِ مصطفائی ﷺ نادِ علی غوثیہ

ناشر ______ دارالتبلیغ آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف گوجرانوالہ

صفحات ______ 14

طبع ______ باردوم اکتوبر 2008ء

تعداد ______ 500

قیمت ______ فی سبیل اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ جل جلالہٗ　　یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

# دعائے نورِ مصطفائی ﷺ نادِ علیؓ غوثیہؒ

حسب الارشاد :

مرشد حقانی مصدرِ فیض شیرِ ربانی نائب پیر کیلانی حضرت قبلہ الحاج پیر سید محمد باقر علی شاہ صاحب بخاری نقشبندی مجددی مدظلہ العالی زیب سجادہ آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف و آفتاب طریقت مہبطِ انوار شریعت جامع معقول و منقول ابوالحسین حضرت علامہ الحاج صاحبزادہ پیر السید عظمت علی شاہ صاحب بخاری نقشبندی مجددی سلمہ اللہ تعالیٰ حضرت کیلیانوالہ شریف ضلع گوجرانوالہ

## خادم حضور پیر کیلانی شریف

حاجی عبدالعزیز انصاری - محلہ داتا گنج بخش گلی پاک وارث والی نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ

ناشر :- دارالتبلیغ آستانہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ
حضرت کیلیانوالہ شریف ضلع گوجرانوالہ

CamScanner

نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّیۡ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوۡلِهِ الۡکَرِیۡمِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِیۡن
اَمَّا بَعۡدُ اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

بندۂ خادم کو حضور پیر کیلانی آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف میں جمعہ شریف کے دن حاضری نصیب ہوئی تو حضور پیر طریقت رہبر شریعت قبلہ الحاج پیر سید محمد باقر علی شاہ صاحب نقشبندی مجددی مدظلہ العالی سے عرض کی اور دعائے نور مصطفائی صلی اللہ علیہ وسلم ناد علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ غوثیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ پڑھنے کی اجازت مانگی تو حضور قبلہ پیر سید محمد باقر علی شاہ صاحب نے بڑے غور سے پڑھا اور پڑھنے کی اجازت فرمائی اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا یہ تو ہمارے عقیدے کے عین مطابق ہے اور ہمارا اس دعائے نورِ مصطفائیؐ ناد علیؓ غوثیہؒ پر پورا میرا ایمان ہے یہ بہت اچھی چیز ہے وہابی اگر اس کو پڑھ لیں تو اسے پڑھتے ہی ان کی جان نکل جائے اور یہ بھی ارشاد فرمایا کہ اس دعا کو چھ سات صفحات پر چھپوائیں اور خادم حضور پیر کیلانی کے فرمان کے مطابق چھپوا کر فی سبیل اللہ تقسیم کر رہا ہے۔

قارئین بیلیوں سے التماس ہے کہ اس دعائے نور مصطفائی ناد علیؓ غوثیہؒ کو پڑھ کر اس خادم کے لئے دعا فرماویں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے پیارے حبیب رحمتہ العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلۂ جلیلہ سے قرضہ سے فارغ فرماویں خاتمہ بالایمان فرماویں اور اپنے سوہنے سائیاں پاک کی دونوں جہان میں سنگت پاک نصیب فرماویں۔ آمین ثم آمین۔

## دعاؤں کا طالب

خادم حضور پیر کیلانی شریف
حاجی عبدالعزیز انصاری نلکہ داتا گنج بخش
گلی پاک وارث والی۔ نوشہرہ روڈ۔ گوجرانوالہ

## دعائے خیر و برکت، تسخیر خلائق من جملہ حاجات و دفع بلیات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اول ۱۱ مرتبہ درود شریف پھر ۵ مرتبہ مندرجہ ذیل اعتصام پڑھیں، اس کے بعد نور مصطفائی ناد علی غوثیہ ورد کریں۔

یا اللہ صمدی من عندک مددی و علیک معتمدی ۵

اے اللہ تو بے نیاز ہے اور تیری ہی طرف سے میری مدد ہے اور تجھ ہی سے میرا سہارا ہے۔

## دعائے نورِ مصطفائی صلی اللہ علیہ وسلم نادِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ غوثیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے محمد اللہ کے رسول ہیں۔ ۶۱۹/۷

نادِ علیاً مظہر العجائب والغرائب

تو علی کو پکار جو حیرت انگیز کمالات کو ظاہر کرنے والے ہیں۔ ۱۴۸۸/۲

تجدہ عوناً لک فی النوائب

تو ان کو ان تمام مشکلات میں اپنے لیے مددگار پائے گا۔ ۸۳۹/۲

کل ہم وغم سینجلی

ہر رنج و غم انشاء اللہ جلد ختم ہو جائے گا۔ ۱۳۰۴/۸

بعظمتک یا اللہ یا اللہ یا اللہ

اے اللہ اے اللہ اے اللہ بڑائی تیری شان کے لائق ہے۔

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم ۵ ۲۴۲/۸

وہ اللہ کہ کوئی معبود نہیں سوائے اس کے جو ہمیشہ زندہ ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔

يَا غَنِيُّ الْكَرِيْمُ ۝ يَا غَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ يَا رَءُوْفُ الْحَكِيْمُ ۝
اے بے نیاز کرم والے اے بخشنے والے مہربان اے پیار کرنے والے
يَا فَتَّاحُ الْعَظِيْمُ ۝ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ ۝ ۸۳۰ ۵
حکمت والے اے بندش کھولنے والے عظمت والے اے ملک کے بادشاہ۔
وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمُ
اور رات اور دن تمہارے قابو میں کر دیا اور سورج اور چاند اور ستارے
مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ۝ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۹۳۰ ۴
اسکے حکم کے ماتحت سو پیدا کرنا اور معاملات کو سنبھالنا اسکے لیے ہے۔
تَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا
برکت والا اللہ تمام کائنات کا پالنے والا ہے۔ اور ہم نے تم کو تمام جہانوں
رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ ۲۴۷۸ ۳
کیلئے صرف رحمت بنا کر بھیجا۔
وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ ۝
اور اللہ پاک کی رحمت نازل ہو ایسے نبی پر جو ان پڑھ ہیں نبیوں میں اور اے
بِنُبُوَّتِكَ يَا سَيِّدِيْ يَا مُحَمَّدُ نُوْرٌ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ ۳۰۱۲ ۶ تین بار
آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم اے میرے سردار آپکی نبوت کا صدقہ اے محمد آپ اللہ کے نور سے نور ہیں۔
سَيِّدِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَيِّدِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَيِّدِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
آپ میرے سردار ہیں اے اللہ کے رسول آپ میرے سردار ہیں اے اللہ کے رسول آپ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۲۲۹۶ ۱
میرے سردار ہیں اے اللہ کے رسول۔ اللہ پاک کی رحمت ہو اور سلام ہو ان پر۔
بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا وَلِيَّ لَا فَتٰى اِلَّا عَلِيٌّ
اے علی تیری ولایت کا واسطہ اے علی اے علی اے علی اے اللہ کے ولی

لَاسَیْفَ اِلَّا ذُوالْفِقَارُ ۔ ۲۸۳۹/۴

فتح کی تلوار دے اے علی تیرے والا کون جواں مرد ۔

تَوَسَّلْتُ یَا غَوْثُ یَا غَوْثُ غَوْثُ یَا غَوْثُ اَعْظَمُ دَسْتَگِیْر

اے غوثِ اعظم تیرے وسیلے کا صدقہ اے غوث اے غوث اے غوثِ اعظم آپ

ہی میرا ہاتھ پکڑنے والے ہیں ۔ ۸۲۵/۳

مُرِیْدِیْ لَاتَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّیْ عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ

(آپ نے یہی کہا ہے میرا مرید کسی بدخواہ سے نہ ڈرے اس لیے کہ میں قتال

کے وقت سخت جنگ کرنیوالا ہوں ۳۲۳۶/۵

یَا شَیْخَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ مُحْیِ الدِّیْنِ حَسَنِیْ وَالْحُسَیْنِیْ سَیِّدْنَا

اے شیخ جنوں اور انسانوں کے دین کو زندہ کرنیوالے حسنی اور حسینی سیدنا

عَبْدُ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ ۲۶۷۵/۲

عبدالقادر جیلانی کچھ اللہ کے واسطے مدد کیجیے

یَا اَبَا الْغَیْثِ یَا غَوْثُ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ ۹۲۹۵

اے رحمت والے اے غوث میری مدد کیجیے میری مدد کیجیے میری مدد کیجیے میری مدد کیجیے

یَا عَلِیُّ مُشْکِلْ کُشَا اَلْمَدَدُ اَدْرِکْنِیْ اَدْرِکْنِیْ اَدْرِکْنِیْ ۱۸۲۵/۱

اے علی مشکل کو آسان کرنے والے میری مدد کیجیے مجھے سنبھالیے میرا خیال

کیجیے میری طرف توجہ کیجیے

لِیْ خَمْسَۃٌ اُطْفِیْ بِہَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَۃِ اَلْمُصْطَفٰی

میرے لیے پانچ ہیں بجھاتا ہوں ان کی برکت سے گرمی و وبا توڑنے والے

وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاہُمَا وَالْفَاطِمَہ ۔ ۲۲۹۱/۸

کی یعنی محمد مصطفیٰ اور مرتضیٰ علی اور حسن وحسین اور فاطمہ ۔

طٰہٰ حٰمٓعٓسٓقٓ یَا مُحَمَّدُ مُصْطَفٰی یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

طٰہٰ حمعسق یا محمد مصطفیٰ اے میرے سردار اے اللہ کے رسول

اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ اَلْمَدَدْ ١٢٩٦/٩

مدد کیجیے مدد کیجیے مدد کیجیے

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُنْظُرْ حَالَنَا ١٦٠٣/١

اے اللہ کے رسول میرے حالِ زار پر نگاہِ کرم فرمائیے۔

یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اِسْمَعْ قَالَنَا ٢٤١/٩

اے اللہ کے حبیب میری فریاد سن لیجیے

اِنَّنِیْ فِیْ بَحْرِ ھَمٍّ مُّغْرَقٌ ١٧٩٦/٥ خُذْ یَدِیْ سَہِّلْ لَنَا اَشْکَالَنَا ١٢١٠/٨

میں مشکلات کے دریا میں غرق ہوں۔ میرا ہاتھ تھامیے اور میری مشکلات کو حل فرمائیے

یَا اللّٰہُ بِحَقِّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا وَحَبِیْبِنَا وَشَفِیْعِنَا

اے اللہ تو حق ہے اور واسطہ درود ہو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے سردار

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ

اور حبیب اور ہمارے شفیع اور مولا محمد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جود

وَسَلِّمْ ٢٩٧٢/٢

سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ۝

پاک ہے تمہارے رب کی عزت والے رب کی ان کی باتوں سے جو کفار کرتے

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ ٢٦٦٢/٧

ہیں) اور سلام ہے پیغمبروں پر اور سب خوبیاں اللہ کی طرف

سے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے

٢٦٦٢/٧

# اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ
# وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہ

ہو گئے بے نیاز ہم سب سے خادم غوث ہو گئے جب سے
پیر وسیلہ بھی کیا وسیلہ ہے، ہاتھ پکڑا ملا دیا رب سے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بحق ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام — بحق ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا لیتیکی یا رسول اللہ یا قاضی الحاجات
اجب یا جبرائیل بحق سید خواجہ عبدالکریم مغربی یا غوثنا وغوثکم
بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام وبحق اہیا شراہیا
بحق یا علی مشکل کشا المدد ادرکنی ادرکنی

بحق موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام — بحق عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۷۶۸۹ | | | |
| ۱۶۹۲۲ | ۱۶۹۳۵ | ۱۶۹۲۸ | ۱۶۹۱۳ |
| ۱۶۹۲۷ | ۱۶۹۱۵ | ۱۶۹۲۱ | ۱۶۹۲۶ |
| ۱۶۹۱۶ | ۱۶۹۳۰ | ۱۶۹۲۳ | ۱۶۹۲۰ |
| ۱۶۹۲۴ | ۱۶۹۱۹ | ۱۶۹۱۷ | ۱۶۹۲۹ |

نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہ عوناً لك فی النوائب كل ہم وغم سینجلی
بعظمتك یا اللہ یا اللہ یا اللہ بنبوتك یا محمد یا سیدی یا رسول اللہ
بولایتك یا علی یا علی یا علی یا ولی بغوثیتك یا غوث یا غوث یا غوث اعظم دستگیر

کل اعداد
۶۷۶۸۹:

من جملہ حاجات کے لئے نقش نورِ مصطفائی نادِ علی غوثیہ:

# دُعائے نورِ مصطفائی ناد علیؓ غوثیہؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ عَلٰی مُحَمَّدٍ نُوْرٌ مِّنْ نُوْرِ اللّٰہِ سَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ سَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ سَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اعلیٰ حضرت عظیم الرتبت مولانا امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے شمع شبستان رضا (حصہ اول) صفحہ نمبر 60 پر ناد علی کے پندرہ فوائد درج کئے ہیں اور مجموعہ اعمال رضا (جلد اول) میں اعلیٰ حضرت نے صفحہ نمبر 113 پر اس کے اٹھائیس فوائد درج کئے ہیں نیز یہ کہ وظائف ناد علی میں اس کے چوراسی 84 فوائد درج ہیں جبکہ نور مصطفائی ناد علیؓ غوثیہؒ کی اس ترتیب کے تحت پڑھنے والے پر اس کے فوائد و فیض و برکات کا شمار نہیں کیا جا سکتا جسے عقیدتمند عامل عمل کر کے ہی عرفان کی منزلیں طے کر سکتا ہے۔

واضح ہو کہ احادیث معتبر کی بنیاد پر روایت ہے کہ جنگ احد میں کفار نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارک کو شہید کیا اور دوسرے صحابہ بھی شہید ہوئے اس وقت خداوند قدوس جل شانہ نے آواز غیب سے ناد علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گوش مبارک میں سنائی اس وقت جنگ میں کافروں کے ساتھ گھمسان کا معرکہ تھا۔ ناد علی کی اس آواز غیب کے فوراً بعد اچانک لشکر اسلام پر غالب آیا اور فتح یاب ہوا۔ واضح ہو کہ رب کریم نے جنگ احد کے وقت جو ناد علی گوش گزار کی تھی وہ یہ ہے۔

نَادِ عَلِیًّا مَظْہَرَ الْعَجَائِبِ وَالْغَرَائِبِ تَجِدْہُ عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ ھَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی معجز بیان زباں سے ان کلمات کا اضافہ فرمایا۔

بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ ، بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ
بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ ، يَا عَلِيُّ

جیسے اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب فاضل بریلوی نے یا محمدؐ کی جگہ ادب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں یا رسول اللہ یا رسول اللہ یا رسول اللہ تحریر فرمایا ہے اور محمد طاہر تلازہ قادری نے اپنے پیرو مرشد حضرت قاری محمد مصلح الدین صدیقی قادری رضوی رحمتہ اللہ علیہ اور دیگر صاحبان فیض بزرگان دین اور اولیاء اللہ سے روحانی سرپرستی اور بشارتوں کی روشنی اور راہنمائی میں اس ناد علی کو نور مصطفائیؐ ناد علیؓ غوثیہؒ کی شکل میں تالیف و ترتیب نو کی ہے جس میں کلمہ طیبہ اسمائے ربانی نعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درود ماہی' درود غوثیہ مع صحابہ کرام کے شامل کیا گیا ہے ساتھ ہی پیران پیر دستگیر قطب الاقطاب شیخ الجن الانس محی الدین سیدنا عبدالقادر جیلانی کا خود نوشت قصیدہ غوثیہ سے چند کلمات وسیلہ برکت کے لئے شامل کئے ہیں جس میں اس کا نقش بھی یعنی تعویز بھی شامل ہے۔

اس نور مصطفائیؐ ناد علیؓ غوثیہؒ کے کل قمری اعداد 67689 (سڑسٹھ ہزار چھ سو نواسی) ہیں کمپیوٹر سے اخذ کئے گئے ہیں۔ اس کا اکائی عدد 9 (نو) ہے حروف تہجی کے ہر عدد کا ایک منسوب مؤکل ہوتا ہے۔ جو اس سے محبت کرتا ہے یعنی اس نور مصطفائیؐ ناد علیؓ غوثیہؒ کے سڑسٹھ ہزار چھ سو نواسی اعداد کے اتنے ہی تابع مؤکل ہوئے۔ عمال حضرات کی سہولت کی خاطر ہر سطر کے آخر میں اس کے کل عدد لکھ دیئے گئے ہیں۔ مثلاً کلمہ طیبہ کے آگے چھ سو انیس عدد (619) تحریر ہے اس کا اکائی عدد 7 ہوا اس طرح آپ ہر سطر کے اکائی عدد کے حساب سے جس سطر کا جو عدد بنے از خود نکال سکتے ہیں اور اس طرح سے بھی اسے پڑھ سکتے ہیں یعنی کہ کلمہ طیبہ کا اکائی عدد 7 ہے تو اسے پہلے سات بار پڑھیں پھر جس لائن کا جو عدد ہو اسے اتنی بار ورد کریں اور آخر میں مکمل نور مصطفائیؐ ناد علیؓ غوثیہؒ کو تسلسل سے ایک بار پڑھ لیں یا پھر ایک' تین' پانچ' سات' نو' گیارہ' اکیس' اکتالیس' ستر' نوے مرتبہ یا پھر اپنے نام کے ابجد کے حساب کے مطابق عدد نکال کر پڑھیں چاند کی شروع تاریخوں میں اور سعید دن دیکھ کر شروع کریں۔ پڑھنے سے قبل اور

پڑھنے کے بعد اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور اپنے پیر و مرشد کے توسط سے اگر کوئی شخص کسی سلسلے سے بیعت نہیں ہے تو وہ حضرت پیران پیر دستگیر قطب الاقطاب شیخ الجن و الانس محی الدین حسنی و الحسنی سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ کے وسیلے اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش رو اور سرپرست جانے اور انتہائی عقیدت و انہماک سے پڑھے۔ پڑھنے والا بلاشبہ اپنے نیک مقصد میں کامیاب ہو گا۔ بعد نماز عشاء یا بوقت فجر یا بوقت درمیان عصر و مغرب بلا ناغہ اکتالیس روز یا مستقل ورد میں معمول کے مطابق پڑھے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ البتہ زیادہ مقدار میں پڑھنے والے دن میں کسی ایک وقت درود ابراہیمی کا پہلا حصہ تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھیں تو ان پر کوئی جلالی کیفیت طاری نہیں رہے گی۔ بزرگوں سے روحانی سرپرستی و رابطے کے لئے پڑھنا ہو تو ہر نماز کے بعد یا صبح و شام ایک ایک مرتبہ پڑھ لینا ہی کافی ہے اس کے پڑھنے والے پر عجیب و غریب روحانی اسرار و رموز اور سچے خواب اجاگر ہونگے روحانی و دنیاوی رہنمائی ملے گی۔ اس کے پڑھنے والے پر کسی جادو، سفلی بندش یا نظربد اور سیاروں کی نحوستوں کا قطعی اثر نہیں ہو گا اور جادو کرنے والا اور کروانے والا اپنے برے انجام کو پہنچے گا۔ پڑھنے والے کے رزق میں، کاروبار میں، عزت و شہرت و وقار میں اس کے عہدے منصب میں، روحانی و دنیاوی درجات میں بتدریج ترقی و کامرانی اور فتوحات حاصل ہوں گی وہ اپنی ہر جائز مراد کو بہت جلد پائے گا۔ نا صرف یہ بلکہ عظیم المرتبت اولیاء اللہ کی بشارتوں و سرپرستی سے فیضیاب ہو گا اور ہر قسم کے آسیب جن و خناس و بدروحوں اور حاسدوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اگر کسی ولی بزرگ کے مزار پر صرف ایک مرتبہ باآواز بلند آنکھ بند کر کے پڑھے اور صاحب مزار کا تصور باندھے تو پڑھنے والے پر کشف القبور اجاگر ہو گا اور صاحب مزار اس کی طرف فوراً رجوع ہوں گے اور صاحب فیض ہو کر مزار سے لوٹے گا مگر پڑھنے والا از خود بھی روحانیت کا حامل ہونا چاہئے یا کم از کم رزق حلال و صدق مقال و صوم و صلوٰۃ کا پابند ہو۔ فسق و فجور سے دور رہے کیونکہ اس کے بغیر کوئی عبادت و ریاضت کارگر نہیں ہوتی۔ اسے گھر، دوکان دفتر میں آویزاں کریں تو باعث خیر و برکت اور تسخیر خلائق ہو گا نہ صرف یہ بلکہ جملہ خلاق یعنی جن و انس مرعوب و مطیع ہوں گے، دشمن

خوفزدہ ہو کر راہ فرار اختیار کرے گا۔ ہر نیک عمل میں برکت ہو گی اور پڑھنے والا ہمیشہ بامراد رہے گا۔

## بطور خاص

نور مصطفائیؐ نادعلیؑ غوثیہؒ روحانیت کی ابتداء بھی ہے اور انتہا بھی ہے۔ یہ وظیفہ فناء فی الشیخ بھی ہے اور فناء فی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم بھی اور فناء فی اللہ بھی اور یہ ہی عمل ایک مومن کو راہ سلوک طے کراتا ہوا اور درجہ ولایت پر پہنچاتا ہے یہ تینوں مدارج کا مرکب اور روحانیت میں زینے کی حیثیت، رکھتا ہے۔ اگر ہر سنی مسلمان اپنے مسلک کو سب پر غالب لانے کی نیت سے ہر روز اور ہمیشہ پڑھا کریں تو یقیناً سُنی مسلمان اپنے مسلک کو سب پر غالب اور صاحب اقتدار رہیں گے اسے ہر ختم شریف، ختم قرآن و فاتحہ میں درود تاج سے قبل ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں جس سے فاتحہ میں وسیلے کی برکت شامل ہو گی اور یہ عمل مقبول بارگاہ ہو گا۔ اگر آپ اس کے ذریعے استغفارہ یا روحانی رابطہ کرنا چاہتے ہیں تو

اول گیارہ مرتبہ درود شریف پھر نو مرتبہ نور مصطفائیؐ نادعلیؑ غوثیہؒ پھر چار رکعت نماز نماز نفل برائے ایثال ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم پھر 100 مرتبہ درود شریف 11 مرتبہ الحمد شریف 5 مرتبہ سورۃ شمس پڑھیں اور پھر ان سب کا ایثال ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچا کر من جملہ انبیاء کرام اصحابہ کرام شہدائے کربلا و بلخصوص کہہ کر علی مرتضٰی کرم اللہ تعالٰی وجہہ امام حسن علیہ السلام و امام حسین علیہ السلام و پیران پیر دستگیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا اسم گرامی لیں اور پھر جس بھی ولی اللہ سے رابطہ کرنا یا کچھ کہنا مقصود ہو ان کا نام بلخصوص کہہ کر لیں اور انہیں ایثال ثواب کر کے اپنا مدعا بیان کریں۔ یہ عمل بعد نماز عشاء یا سونے سے قبل رات کے کسی بھی حصہ میں کریں۔ عمل کے بعد کسی سے بات نہ کریں اور کچھ کھائیں نہیں سیدھی کروٹ درود شریف پڑھتے ہوئے سو جائیں انشاء اللہ اول روز ہی فیضیاب ہونگے بصورت دیگر عمل کرتے رہیں چند روز میں روحانی رابطہ ضرور ہو گا اور انشاء اللہ عامل بامراد رہے گا نیز


روحانیت اور دعا کی مقبولیت کے شائقین یاد رکھیں کوئی دعا درود شریف کے بغیر قبول نہیں ہوتی ہے اور کوئی روحانیت استغفار کے بغیر نہیں ملتی اور کوئی عمل شیطان پر لاحول پڑھے بغیر مکمل نہیں ہوتا لہٰذا ہر مسلمان بالخصوص عامل کو تین سو تیرہ (313) مرتبہ درود شریف سو 100 مرتبہ استغفار، سو 100 مرتبہ تیسرا کلمہ ہر روز بلاناغہ لازمی پڑھنا چاہئے یہ عمل دل کو نظر کو روح کو خیال کو پاک کرتا ہے اور حجاب کے پردے ہٹا دیتا ہے بشرطیکہ دل سے مستقل عمل کیا جائے۔

اللہ رب کریم اس ادنیٰ کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، پڑھنے والے خادم کو دعاؤں میں یاد رکھیں اور دونوں جہاں میں اپنے سائیاں پاک کی اللہ رب العزت سنگت پاک نصیب فرماویں۔ آمین

خادم حضور پیر کیلانی شریف

حاجی عبدالعزیز انصاری نوشہرہ روڈ
محلہ داتا گنج بخش گلی پاک وارث والی۔ گوجرانوالہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم



صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَسَلَّمْ

منجانب

# فیضانِ بزمِ شیرِ ربانی و بزمِ سرکارِ کیلانی

پیرِ طریقت رہبرِ شریعت

## الحاج صوفی محمد صدیق نقشبندی مجددی

خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ حضرت کیلیانوالہ شریف ضلع گوجرانوالہ

آستانہ عالیہ لوراں شریف گجرات
053-3603927
0334-4658137

CamScanner

*053-3523671/0300-9620353- [illegible]*

CamScanner